تعارفِ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

کتاب : قرآن‘ اہل کتاب اور مسلمان

مصنف : محمد رضی الاسلام ندوی

ناشر : ادارہ تحقیق وتصنیف اسلامی‘ علی گڑھ (انڈیا)

صفحات : 296

قیمت : 70 روپے

قرآن مجید کتاب ہدایت ہے جس میں گزشتہ اقوام کے عبرت ناک واقعات کا تذکرہ ہے۔ظاہر ہے کہ اقوام ماضی کے ذکر کا مقصد مسلمانوں کو اس بات پر متنبہ کرنا ہے کہ یہود و نصاریٰ پر بھی اللہ کا کلام اترا تھا مگر انہوں نے اس کی قدر نہ کی جس پر وہ مغضوب‘ ملعون اور ضال قرار پائے۔اب مسلمانوں کو یہود و نصاریٰ کے اس طرزِ عمل سے عبرت پکڑ کر اللہ کے کلام کو پڑھنے‘ سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی سعی کرنا چاہئے تا کہ وہ ان کی طرح کے انجام بد سے محفوظ رہیں۔کتاب کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مصنف نے یہ کتاب اسی مقصد کے پیش نظر لکھی ہے۔وہ کتاب کے دیباچے میں لکھتے ہیں:

> ''ضرورت تھی کہ کوئی ایسی کتاب مرتب کی جائے جس میں تاریخی پہلو پر اشارات ہوں البتہ ان پہلوؤں کو خاص طور پر ابھارا گیا ہو جن سے مسلمانوں کو عبرت ونصیحت حاصل ہو اور وہ ایمان و یقین سے سرشار ہوکر پوری زندگی اطاعت الٰہی کے تابع بنادیں اور اعمال صالحہ سے اسے آراستہ کریں''۔

چنانچہ مصنف نے کسی لمحے بھی اپنے مقصد کو نظر انداز نہیں کیا بلکہ انتہائی مؤثر انداز اور مستند معلومات کے ذریعے کتاب کے ایک باب میں بنی اسرائیل پر انعامات ربانی کے تذکرے کے ساتھ ساتھ یہود کے جرائم‘ بداخلاقی‘ تحریف کتاب اور زعم باطل کو بھی واضح کیا

ہے اور نتیجے کے طور پر ان پر ہونے والے مختلف عذابوں کا بھی ذکر کیا ہے۔

دوسرے باب میں نصاریٰ کے غلط عقائد مثلاً تثلیث' ابنیت مسیح اور الوہیت مسیح کے ذکر کے ساتھ ان کے جرائم نسلی برتری' غلو' تحریک کتاب' رہبانیت اور حرام خوری کو بیان کیا گیا ہے جن کی بنا پر وہ مغضوب ٹھہرے۔

تیسرے باب میں صالح اہل کتاب کے اوصاف بتا کر چوتھے باب میں قاری کو فیصلہ کن مرحلے پر کھڑا کر دیا گیا ہے۔ جہاں آج کے مسلمانوں اور اہل کتاب کے طرزِ عمل کا موازنہ کر کے مسلمانوں پر واضح کیا ہے کہ وہ اپنا جائزہ لیں کہ دین اسلام کی مستند اور ٹھوس تعلیمات کو چھوڑ کر وہ کیوں بے اعتدالی دنیا طلبی' قبر پرستی' کتمان حق' تضاد قول وفعل اور فرقہ بندی کا شکار ہو گئے ہیں۔ غور کا مقام ہے کہ کیا اللہ تعالیٰ کے قانون مکافات میں اس بات کی گنجائش موجود ہے کہ اہل کتاب جن بداعمالیوں کے سبب قہر الٰہی کے مستحق ہوئے وہی بداعمالیاں مسلمان کریں گے تو وہ محفوظ و مامون رہیں گے۔ العیاذ باللہ

مصنف کا ایسی کتاب لکھ کر مسلمانوں کو دعوت فکر دینا وقت کا اہم تقاضا ہے جس پر وہ بھرپور مبارک باد کے مستحق ہیں۔ کتاب کی تمام معلومات مستند اور قابل اعتماد ہیں جو مصنف نے بہت محنت سے فراہم کی ہیں۔ کتاب کی لکھائی چھپائی' معیاری اور قیمت واجبی ہے۔

بقیہ : عبادت صرف ربّ ذوالجلال کا حق ہے

(اور بے قدری کرنے والے افتراء کو) اللہ تعالیٰ سنتا ہے۔ پھر بھی صبر کرتا ہے۔ اور ان مشرکوں کو چنگا بھلا کرتا ہے اور ان کو روزی دیتا ہے۔

عَنْ اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :

((مَا اَحَدٌ اَصْبَرَ عَلٰی اَذًی سَمِعَهُ مِنَ اللّٰهِ يَدْعُوْنَ لَهُ الْوَلَدَ ثُمَّ يُعَافِيْهِمْ وَ يَرْزُقُهُمْ)) (صحیح بخاری)

''ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:
''اللہ سے زیادہ تکلیف کی بات سن کر صبر کرنے والا کوئی نہیں۔ کم بخت مشرک کہتے ہیں کہ اللہ اولاد رکھتا ہے' باوجود ایسی باتوں کے وہ ان مشرکوں کو چنگا بھلا کرتا ہے اور اُن کو روزی دیتا ہے۔''